بسم  الله  الرحمن  الرحيم

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

باذن الله  تعالی

🍃 Lecture by Ustaza
Dr. Farhat Hashmi

🍃 Sahih Bukhari (صحیح البخاری )

🍃 Lesson # 62

📘Topic:- Companions of the Prophet

كتاب فضائل أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم

▸Duration:- 21:27 Minutes⏰

🍃📆 Thursday, 5th March 2020

⭐✨⭐

🔅 معاویہ رضی اللہ عنہ کے چند فضائل 🔅

وہ  بہت فراخ دل،  متحمل مزاج،  بردبار، اور سخی انسان تھے۔ ✨

بڑی ذمہ داریوں، اور مخالفتوں کے باوجود کام کو بہت ٹھہر ٹھہر کر، پر سکون انداز میں کیا کرتے تھے ۔ ✨

متواضع طبیعت کے مالک تھے ۔اپنی تعظیم کروانا پسند نہیں کرتے تھے۔ ✨

ازواج مطہرات سے نصیحت طلب کر تے۔ ✨
ایک دفعہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایسے خط کی فرمائش کی جس میں ان کے لیے فائدہ مند نصیحت ہو۔
جواب میں انہوں نے ایک حدیث کے بعد لکھا :

جو شخص اللہ کی رضا ، لوگوں کو ناراض کر کے تلاش کرے گا،اللہ اس سے لوگوں کی تکلیف دور کردے گا ۔ "
"اور جو شخص لوگوں کی رضامندی کو اللہ کے غصے میں تلاش کرے گا،  اللہ اسے ان ( لوگوں ) کے سپرد کردے گا۔

نہ لوگوں کی ٹوہ میں لگتے نہ کسی قسم کی تجسس کرتے۔ ✨

موت اور آخرت کی بہت فکر کرنے والے تھے۔ ✨

حدیث روایت کرنے سے بہت ڈرتے اور محتاط رہتے تھے ۔ ✨

سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد رکھنے والے اور اس پر عمل کرنے تھے۔ ✨

بیماریوں اور تکلیفوں میں بھی حدیث کو یاد رکھنے والے تھے۔ ✨

اچھے خطیب بھی تھے ۔اپنا مدعا بہترین انداز میں بیان کرنے والے تھے۔ ✨

لوگوں کو تفرقہ بازی سے بچنے کی نصیحت کرتے  تھے۔ ✨

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتب، ساتھی، اور سسرالی رشتے دار بھی تھے ۔ ✨

اللہ تعالی کی وحی پر امین تھے۔ ✨

عملی باتیں 📍

معملات میں صبر اور سکون اختیار کرنا چاہیے ، خاص کر بچوں کے معاملے میں۔ 🔅

نصیحت ضرورت کے مطابق کرنی چاہیے 🔅

بہترین کلام وہ ہے جو تھوڑا ہو، پر دلیل والا ہو۔ 🔅

⚡✨⚡✨⚡✨⚡✨⚡

Manaqib e Mu'awia ra 2

⚡✨⚡✨⚡✨⚡✨⚡